**SET-4**

**Series JBB/C**

کوڈ نمبر **Code No. 5A/C**

Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **18** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 80*

## (حصہ ۔الف)

**1۔** درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے ہوئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

"نظیر اکبر آبادی کا پورا نام ولی محمد تھا۔ وہ دہلی میں پیدا ہوئے۔ اپنے خاندان کے ساتھ آگرے میں آکر بس گئے۔ نظیر عوامی شاعر تھے۔ ان کی شاعری میں ہندوستانی ماحول کی عکاسی کی گئی ہے۔ انھوں نے یہاں کے موسموں، میلوں، تہواروں اور انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ سامنے کے موضوعات کو سیدھی سادی زبان میں بیان کرنا نظیر کی بہت بڑی خوبی ہے۔ ان کے پاس الفاظ کا غیر معمولی ذخیرہ تھا۔ وہ موقعے اور موضوع کے اعتبار سے مناسب الفاظ کا استعمال کرتے ہیں۔ ان کے کلام میں تاثیر بہت ہے۔ "روٹیاں، بنجارہ نامہ، مفلسی، ہولی، آدمی نامہ اور کرشن کنھیا کا بال پن" ان کی مشہور نظمیں ہیں۔ اسی طرح ہندوستان کے مختلف موسموں پھلوں اور شخصیتوں پر نظیر کی نظمیں بھی اپنی خاص پہچان رکھتی ہیں۔ وہ اردو کے معروف شاعر ہیں"۔

(i) نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) آگرہ

(b) لکھنؤ

(c) دہلی

(d) حیدر آباد

(ii) وہ اپنے خاندان کے ساتھ کہاں بس گئے؟ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) آگرہ

(b) لکھنؤ

(c) دہلی

(d) حیدرآباد

(iii) ان کی شاعری میں کس ماحول کی عکاسی کی گئی ہے؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) انہوں نے کن پہلوؤں پر بہت سی نظمیں لکھی ہیں؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) ان کی شاعری خاص پہچان کیا ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**2.** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

کوئی امید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی — اب کسی بات پر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں — ورنہ کیا بات کرنی نہیں آتی

کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ — شرم تم کو مگر نہیں آتی

(i) دن کس چیز کا معین ہے ؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نیند کا

(b) موت کا

(c) بات کا

(d) شرم کا

(ii) کیا 'بر' نہیں آ رہی ہے؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نیند

(b) موت

(c) بات

(d) امید

(iii) آگے کس پر ہنسی آتی تھی؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) آخری شعر میں غالبؔ کیا ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) شاعر کیوں چپ ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**3.** درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے ہوئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

یا پوچھا ہے اور مجھے بتانا نہیں چاہتی ہو۔ ہمارے محلے میں ایسے لوگ ہیں ہی نہیں جنھوں نے بغاوت میں حصہ لیا ہو۔ یہ عورتیں اور بچے تو باہر سے آئے ہوں گے۔ (بھاگ وتی زمین پر بیٹھ کر اور اپنا منھ بند کر کے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتی ہے۔) بتاؤ تو یہ ہیں کون؟ کبھی پوچھ تاچھ ہو تو میں جواب تو دے سکوں (بھاگ وتی سر ہلاتی ہے) اچھا، نہ بتاؤ۔ (خاموشی) جب لڑائی ہو رہی تھی تو تمھاری زبان پر تین چار نام رہا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔بخت خاں کی آل اولاد یہاں تھی ہی نہیں، سدھاری سنگھ بھی باہر کا آدمی ہے۔۔۔۔۔ کیا کسی مسلمان عورت کو پناہ دی ہے؟۔۔۔۔۔ ہندو عورتوں میں تو تمھارے رانی کشن کنور سے تعلقات تھے۔ نہار سنگھ روپیہ وصول کرنے آنا چاہتا تو زمین تیار کرنے سے پہلے اسی کو بھیجتا تھا۔۔۔۔۔مگر کیا معلوم رانی بلبّھ گڑھ میں ہے یا یہاں۔ بہر حال، جہاں بھی ہو، کوئی نہ کوئی اس کا پتہ دے گا ضرور۔۔۔۔۔اگر نہار سنگھ کو پکڑ لیا ہے تو شاید اس کو تلاش نہ کریں۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نیا قانون

(b) بھولا

(c) بھیک

(d) آزمائش

(ii) اس سبق کے مصنف کون ہیں؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) سعادت حسن منٹو

(b) محمد مجیب

(c) راجندر سنگھ بیدی

(d) حیات اللہ انصاری

(iii) یہ عورتیں اور بچے کہاں سے آئے ہوں گے؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) محلّے میں کیسے لوگ نہیں ہیں؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) کس کی اولاد یہاں نہیں تھی اور کون باہر کا آدمی ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**یا**

''گلی سے ریڑھی والا ہانک لگاتا گزر رہا تھا کہ انگور ہیں چمن کے، پپیتے ہیں پیڑ کے پکے ہوئے۔انھوں نے لڑکا بھیج کر انھیں بلایا اور کہا'' میاں جی معاف کیجیے ہمیں ضرورت نہیں۔'' پھل والا چلا گیا تو ہم نے عرض کیا کہ ُاس زحمت کی کیا ضرورت تھی۔وہ تو جا ہی رہا تھا اسے روکنا کیا ضروری تھا۔' بولے: ُاحتیاط کا تقاضا تھا کہ اس پر بات واضح کر دی جائے اور معذرت بھی کی جائے کیوں کہ بیچارہ اتنی دور سے اتنی امید لے کر پھل بیچنے آتا ہے۔دوسرے یہ کہ اسے یہ گمان نہ گزرے کہ اس گھر میں شاید بہرے رہتے ہیں جو اس کی آواز نہیں سن پاتے۔' یہی ہمارے دوست ایک روز کار میں ہمارے

ساتھ گولی مارسے گزر رہے تھے۔ ایک جگہ لکھا ہے تشریف لائیے۔ ربڑی، قلفی اور لسّی تیار ہے۔ انھوں نے فوراً کار ٹھہرائی اور دوکاندار سے کہا کہ پہلی بات تو یہ کہ ہمارے پاس فرصت نہیں۔ ہم ضروری کام سے جارہے ہیں۔ دوسرے قلفی اور ربڑی ہم نہیں کھاتے اور لسّی کا بھلا یہ کون سا موسم ہے؟ بہرحال تمھاری پیش کش شکریہ"۔

(i) انگور کہاں کے ہیں؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) پیڑ کے

(b) گلی کے

(c) چمن کے

(d) سڑک کے

(ii) اس کے دوست گولی مارسے کس میں گزر رہے تھے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) کار

(b) ریڑھی

(c) اسکوٹر

(d) بس

(iii) وہ کیا نہیں کھاتے؟ ۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) اس نے لڑکا بھیج کر پھل والے کو بلا کر کیا کہا؟ ۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) گولی مار کی دوکان پر کیا لکھا تھا؟ ۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**4۔** درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے ہوئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

پلٹن اور رسالے دیکھے　　گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگین اور بھالے دیکھے　　بینڈ بجانے والے دیکھے
خیموں کا اک جنگل دیکھا　　اس جنگل میں منگل دیکھا

برھما اور ورنگل دیکھا　　عزت خواہوں کا دنگل دیکھا
ایک کا حصہ من وسلوا　　ایک کا حصہ تھوڑا حلوہ
ایک کا حصہ بھیڑ اور بلوا　　میرا حصہ دور کا جلوا

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟ ۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) جلوۂ دربارِ دہلی

(b) گرمی اور دیہاتی بازار

(c) او دیس سے آنے والے بتا

(d) حقیقتِ حسن

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) جوش ملیح آبادی

(b) علامہ اقبال

(c) اکبر الہ آبادی

(d) اختر شیرانی

(iii) اس نے جنگل میں کیا دیکھا؟۔ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) پلٹن کے ساتھ اس نے کیا کیا دیکھے؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) ایک کے حصے میں من و سلویٰ ہے تو دوسرے کے حصے میں کیا کیا ہیں؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

یا

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم ، اے ہم نفسو! وہ خواب ہیں ہم

اے شوق پتا توہی بتا اب تک یہ کرشمہ کچھ نہ کھلا
ہم میں ہے دل بے تاب نہاں، یا آپ دلِ بے تاب ہیں ہم

ہے دل میں تڑپے جی بھر کر پر ضعف نے مشکیں کس دی ہیں
ہو بند اور آتش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم

میں حیرت وحسرت کا مارا ، خاموش کھڑا ہوں ساحل پر
دریائے محبت کہتا ہے ، آ، کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں ، منزل پہ پہنچتے ہیں دو اک
اے اہلِ زمانہ قدر کرو ، نایاب نہیں کم یاب ہیں ہم

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نظم

(b) رباعی

(c) غزل

(d) قصیدہ

(ii) ان اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) جوشؔ ملیح آبادیؔ

(b) یاس یگانہ چنگیزی

(c) اکبر الہ آبادی

(d) شاد عظیم آبادی

(iii) کس نے مشکیں کس دی ہیں؟۔ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) وہ ساحل پر خاموش کیوں کھڑا ہے؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) لاکھوں مسافر چلتے ہیں تو کتنے منزل پر پہنچتے ہیں؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## (حصّہ۔ب)

**5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *10*

(i) یومِ جمہوریہ

(ii) فضائی آلودگی

(iii) میرا پسندیدہ کھیل

(iv) قومی اتحاد ملک کی ضرورت

**6.** اپنے والد کے نام ایک خط لکھ کر دوستوں کے ساتھ پکنک پر جانے کی اجازت مانگیے۔ 4

**یا**

اپنے پرنسپل کے نام درخواست لکھ کر دو دن اسکول نہ آنے کی وجہ بتائیے۔

**7.** سید عابد حسین کے مضمون 'چوری اور اس کا کفارہ' کا خلاصہ لکھیے۔ 4

**یا**

راجندر سنگھ بیدی کے افسانے ''بھولا'' کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

**8.** اصغر گونڈوی کی غزل گوئی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

**یا**

جوش ملیح آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

**9.** احمد ندیم قاسمی کے افسانے ''سلطان'' کا خلاصہ لکھیے۔ 4

**یا**

دیوندر ستیارتھی نے اپنے افسانے 'ان دیوتا' کے آخری حصے میں کال کا ذمہ دار کسے ٹھہرایا ہے اور کیوں؟۔

## (حصّہ۔ج)

10۔ (i) ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا ثابت نہیں ہوتا بلکہ کسی کیفیت یا حالت کا پتہ چلتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟۔مثال بھی لکھیے۔ 2+3=5

(ii) درج ذیل جملوں میں زمانے کے لحاظ سے کون سی قسم ہے؟ لکھیے

(a) ثانیہ دسویں کلاس کے امتحان میں اوّل آئی

(b) وہ اپنے اسکول جا رہا ہے

(c) احمد کل کشمیر جائے گا

**یا**

فعل لازم کی تعریف لکھیے۔دو مثالیں بھی لکھیے۔

11۔ (i) درج ذیل شعر میں کس صنعت استعمال کیا گیا ہے؟۔ 2+3=5

نارِ نمرود کو کیا گلزار

دوست کو یوں بچالیا تو نے

(ii) اشعار میں ایسے لفظ کا استعمال کرنا جس کے مجازی معنی مراد ہوں اور وہ حقیقی معنی میں بھی لیا جاسکتا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ لکھیے۔

12۔ (i) محاورہ کسے کہتے ہیں؟۔ 2

(ii) درج ذیل میں سے صرف تین محوروں کے معنی لکھیے اور انھیں جملوں میں استعمال کیجیے: 3

(a) رات آنکھوں میں کاتنا

(b) تارے گننا

(c) نو دو گیارہ ہونا

(d) ہاتھ ملنا مغلیں جھانکنا

(e) بغلیں جھانکنا

13۔ ''فجائیہ'' کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 2

14۔ قافیہ کی تعریف لکھیے اور مثال بھی دیجیے۔ 3

## (حصّہ۔د)

15۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2 = 4$

(i) تربیت یافتہ ملکوں میں عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے؟۔ سر سیّد کے سبق کی روشنی میں لکھیے۔

(ii) مہاتما گاندھی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد پر کیا اثر ہوا؟

(iii) پہاڑ پر چڑھتے وقت رجنی اور اس کے بہن بھائیوں کے جذبات کیا تھے؟

(iv) ماحول بچانا کیا صرف سائنس دانوں کا کام ہے یا ہر شہری کا۔ مختصراً لکھیے

16۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2=4$

(i) فراق نے اپنی رباعی انسان کا خدا ہو جانے سے کیا مراد لی ہے؟

(ii) نظم 'آندھی' میں تعمیری تباہی سے شاعر کی کیا مراد ہے؟۔

(iii) نظم 'حقیقت حسن' میں حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟

(iv) نظم گرمی اور دیہاتی بازار میں ''کافر دھوپ'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

17۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2=4$

(i) افسانہ 'سخی' میں افسانہ نگار ہوٹل میں کس کا منتظر تھا اور کیوں؟

(ii) خاکہ نگار پہلی مرتبہ جگر صاحب سے کس طرح متعارف ہوا؟

(iii) افسانہ ''فقیر'' میں مصنف کو پہلے فقیر پر کیوں رحم آیا؟ پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا؟

(iv) ''پودے ایک زمین سے نکال کر دوسری زمین میں لگا دینے سے اپنی نوعیت اور جنس نہیں بدل دیتے۔'' افسانہ آئی۔سی۔ایس کی روشنی میں اس فقرے کی وضاحت کیجیے۔

**18۔** درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

(i) افسانہ

(ii) سوانح

(iii) نظم